29/01/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے اتراکھنڈ دہرا دون میں کل 38 ویں نیشنل گیمز کا افتتاح کیا ۔ اس موقعہ پر وزیر اعظم نے کہا کہ کھیل ملک کی مجموعی ترقی کے لئے کافی اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ بھارت دنیا کی تیسری بڑی معیشت کے طور پر ابھر رہی ہے ۔

انہوں نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ کھیلوں میں حصہ لےں تاکہ وہ اپنے آپ کو صحت مند رکھیں ۔

بارہمولہ

کی مرکزی وزیر مملکت شوبا کرند لاجے نے بارہمولہ میں افسران کی ایک میٹنگ کے دوران ایسپریشنل ڈسڑکٹ MSME پروگرام کے تعلق سے نیتی آیوگ کے مختلف نکات کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے مختلف شعبوں کی کارکردگی اورحصولیابیوں کا بھی جائزہ لیا ۔

بعد میں صحافیوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے کہا کہ مرکزی سرکار ایسپریشنل ڈسٹرکٹ پروگرام کے ذریعے بارہمولہ کو ترقی یافتہ بنانے کی وعدہ بند ہے ۔

ایوارڈ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں میں ایک نجی ٹیلی ویژن چینل کی جانب سے منعقدہ کنکلیو کے دوران مہاراجہ ہری سنگھ ایوارڈ عطا کرنے کی ایک تقریب میں شرکت کی اور مختلف شعبوں میں بہترین کارکردگی دکھانے والوں میں ایوارڈ تقسیم کئے۔ تقریب کے دوران پہلے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کو اعزاز دیا گیا۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا ۔

نائب وزیراعلیٰ

اس دوران نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کی مجموعی ترقی کے لئے عوام دوست اقدامات کئے جا رہے ہیں کنکلیو میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ یوٹی سرکار نے اقتدار سنبھالنے کے بعد جموں کشمیر کو بھارت کا ترقی یافتہ خطہ بنانے پر مرکوز کئی اقدامات کئے ہیں ۔

کنکلیو میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور دیگر کابینی وزراءنے بھی شرکت کی ۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے طبی منظر نامے میں بدلاو لانا اور اس سیکٹر کو جدید سہولیات سے لیس کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ مذکورہ کنکلیو کے دوران اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یوٹی کی موجودہ سرکار نے اب تک 3 سو ڈاکٹروں کی تعیناتی عمل میں لائی ہے ۔

انہوں نے طب کے شعبے میں چند ایک خامیوں کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ تمام خامیوں کو دور کرنے کے لئے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

لیفٹنٹ گورنر ملاقات

بین الاقوامی شہرت یافتہ پاور لِفٹر ہری پال سنگھ جسروٹیہ کے علاوہ مٹھو دُگل کے بانی اور کراون سٹی اکیڈمی آف فلم اینڈ ٹیلی ویژن کے شریک بانی اٹُل وِنود دُگل نے کل جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کر کے کئی معاملات ان کی نوٹس میں لائے ۔

جاوید رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید رانا نئی دلی میں مرکزی وزیر جوال اورام کے ساتھ ملاقات کرکے جموں کشمیر میں قبائلی طبقوں کی فلاح و بہبود کے لئے ترتیب دئے گئے نقش راہ پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔ جاوید رانا نے یوٹی میں قبائلی طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے طرزِ زندگی کو بہتر بنانے کے لئے مرکزی سرکار کی معاونت طلب کی ۔

مرکزی وزیر نے اس ضمن میں جموں کشمیر سرکار کی کوششوں کی سراہنا کرتے ہوئے مرکز کی جانب سے جامع معاونت کا یقین دلایا۔

بھارت پرو

آکاشوانی ،یوم جمہوریہ کے تناظر میں26جنوری سے 31جنوری تک "بھارت پرو "منا رہا ہے۔ اس دوران ملکی آئین کے مختلف گوشوں کو اجا گر کیا جائے گا ۔ واضح رہے کہ 1950میں 26جنوری کو ہی بھارتی آئین کا نفاذ عمل میں لایا گیا تھا ۔ یہ دن عوام کو آئین میں موجود اقدار کو بالا دست رکھنے کی یاد دہانی کراتا ہے جن سے سبھی کیلئے انصاف ، مساوات اور وقار کی یقینی دہانی ہوتی ہے ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔ ڈرائیوروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ لین نظم و ضبط پر عمل کر کے اووَر ٹیکنگ سے پرہیز کریں ۔

اُدھر مغل روڈ ابھی تک ٹریفک کے لئے بند ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ